سوال

(540)کیا نکاح کے موقع پر بیٹی کو جہیز دینا جائز ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

کیا نکاح کے موقع پر بیٹی کو جہیز دینا جائز ہے ، اگر نہیں تو کیوں ؟ نیز نیوندرہ اور سلامی دینا بھی جائز ہے کہ نہیں ؟ (عبدالغفور، شاہدرہ)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته
الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

نہیں ۔ کیونکہ کتاب وسنت میں اس کا ثبوت نہیں ، پھر آپ جانتے ہیں کہ بیوی کی رہائش ، اس کا لباس اور نان ونفقہ وغیرہ کا ذمہ دار خاوند ہے نہ کہ بیوی کے والدین یا خویش و اقارب ۔ مروج نیوندرہ اور سلامی سود کی ایک صورت ہے ۔ ١٤ ـ ٨ ـ ١٤٢١ھ

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد02ص465

محدث فتویٰ